رہائش کی نیت سے پلاٹ خریدا لیکن آبادی نہ ہونے پر بیچنے کی نیت بھی ہے تو زکوٰۃ کا حکم؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

اگر اس نیت سے پلاٹ خریدا کہ اس کو بنا کر یہاں رہ لیں گے، اپنا گھر ہو جائے گا اور اگر یہاں آبادی نہ ہو سکی، تو اس کو بیچ کر کہیں اور گھر یا پلاٹ لے لیں گے۔ کیا اس پلاٹ پر زکوٰۃ لازم ہوگی؟

جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

اگر واقعی یہ نیت تھی کہ یہاں آبادی ہونے پر اپنا گھر بنا لیں گے، نہ ہوئی تو بیچ دیں گے تو وہ جگہ مالِ تجارت نہیں کہلائے گی اور اس پلاٹ پر زکوۃ واجب نہیں ہوگی البتہ اس کی وجہ سے قربانی، صدقہ فطر، حج وغیرہ واجب ہو سکتے ہیں جبکہ ان کے وجوب کی شرائط پائی جائیں۔

فتاویٰ شامی میں ہے: "ولو نوی التجارۃ بعد العقد أو اشتری شیئا للقنیۃ ناویا أنہ إن وجد ربحا باعہ لا زکاۃ علیہ"

ترجمہ: اگر عقد کے بعد تجارت کی نیت کی یا کسی چیز کو اپنے استعمال کے لئے خریدا اس نیت کے ساتھ کہ اگر نفع ملا تو اسے بیچ دوں گا تو اس پر زکوۃ نہیں۔ (فتاوی شامی، جلد 1، صفحہ 128، دار الفکر، بیروت)

حاشیۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح شرح نور الایضاح میں ہے: "الأصل أن ما عدا الحجرین والسوائم انما یزکی بنیۃ التجارۃ عند العقد فلو نوی التجارۃ بعد العقد أو اشتری شیئا للقنیۃ ناویا أنہ إن وجد ربحا باعہ لا زکاۃ علیہ" ترجمہ: سونے چاندی اور چرائی کے جانوروں کے علاوہ میں اصل یہ ہے کہ ان پر زکوۃ اس وقت ہوگی جب عقد کے وقت تجارت کی نیت ہو، پس اگر عقد کے بعد نیت کی یا کسی چیز کو اپنے استعمال کے لئے خریدا اس نیت کے ساتھ کہ اگر نفع ملا تو اسے بیچ دوں گا تو اس پر زکوۃ نہیں۔ (حاشیۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح شرح نور الإیضاح، جلد 1، صفحہ 718، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

صدرالشریعہ بدرالطریقہ مفتی امجد علی اعظمی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں: ”نیّت تجارت کے لیے یہ شرط ہے کہ وقت عقد نیّت ہو، اگرچہ دلالۃً تو اگر عقد کے بعد نیّت کی زکاۃ واجب نہ ہوئی۔ یوہیں اگر رکھنے کے لیے کوئی چیز لی اور یہ نیّت کی کہ نفع ملے گا تو بیچ ڈالوں گا تو زکاۃ واجب نہیں۔“ (بہارشریعت، جلد1، صفحہ883، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا عابد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2252

تاریخ اجراء: 10شوال المکرم1446ھ/09اپریل2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net